PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

# محمد ہریرہ سری لنکا اے کے خلاف پاکستان شاہینز کی قیادت کریں گے

- پاکستان شاہینز 11 سے 29 نومبر تک سری لنکا اے کے خلاف دو چار روزہ اور تین 50 اوورز کے میچوں کی میزبانی کرے گی
- دورے کے تمام میچز راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے
- سری لنکا اے 8 نومبر کو اسلام آباد پہنچے گی

**لاہور، 5 نومبر 2024ء:**

محمد ہریرہ کو سری لنکا اے کے خلاف 11 سے 29 نومبر تک کھیلی جانے والی ہوم ریڈ اینڈ وائٹ بال سیریز کے لیے پاکستان شاہینز کا کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ سیریز میں دو چار روزہ اور پچاس اوورز کے تین میچ شامل ہیں۔

مینز نیشنل سلیکشن کمیٹی نے دو چار روزہ میچوں کے لیے 14 رکنی اسکواڈ کا اعلان کیا ہے جبکہ پچاس اوورز کے میچوں کے لیے 15 رکنی اسکواڈ کا انتخاب کیا گیا ہے۔ ٹیسٹ فاسٹ بولرز محمد وسیم جونیئر اور خرم شہزاد اپنا ریہب مکمل کرنے بعد اور قائداعظم ٹرافی کے میچز کھیلنے کے بعد اسکواڈ میں شامل ہوئے ہیں۔

اسکواڈ میں شامل دوسرے ٹیسٹ کرکٹر حسین طلعت ہیں جو پچاس اوورز کی سیریز میں شامل ہیں۔

محمد غازی غوری اور احمد صفی عبداللہ پہلی مرتبہ شاہینز کی نمائندگی کریں گے۔

وائٹ بال اسکواڈ میں عبدالصمد، حیدر علی، معاذ صداقت، محمد حارث، محمد عمران جونیئر اور روحیل نذیر نے اے سی سی مینز ایمرجنگ ایشیا کپ اسکواڈ سے اپنی جگہ برقرار رکھی ہے جبکہ محمد عمران، سراج الدین اور عبید شاہ پہلی بار شاہینز کی ٹیم میں شامل ہونگے۔

پاکستان شاہینز کا ریڈ بال اسکواڈ کل سے ٹریننگ کا آغاز کرے گا۔ سری لنکا اے نو نومبر کو ٹریننگ کا آغاز کرے گی۔

دریں اثنا، وائٹ بال سیریز کے کھلاڑی 22 نومبر کو اسلام آباد میں جمع ہوں گے۔ تین ایک روزہ میچوں کی سیریز 25، 27 اور 29 نومبر کو کھیلی جائے گی۔

پی سی بی نے آج اس سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا بھی اعلان کر دیا ہے۔ اقبال شیخ 11-14 نومبر اور 18-21 نومبر کے میچز کے لیے پلیئنگ کنٹرول ٹیم کی قیادت کریں گے جبکہ بلال خلجی 50 اوورز کے تین میچوں کے میچ ریفری ہوں گے۔ دونوں میچ ریفریز پی سی بی ایلیٹ پینل آف میچ ریفریز کا حصہ ہیں۔

پانچ میچوں میں امپائرنگ کی ذمہ داریاں آئی سی سی / پی سی بی انٹرنیشنل پینل امپائرز آصف یعقوب اور راشد ریاض اور پی سی بی ایلیٹ پینل آف امپائرز عمران جاوید اور ذوالفقار جان سنبھالیں گے۔

دونوں چار روزہ میچز صبح ساڑھے نو بجے شروع ہونگے جبکہ ون ڈے میچز صبح نو بجے شروع ہونگے۔

چار روزہ میچوں کے لیے اسکواڈ۔
محمد ہریرہ (کپتان) (سیالکوٹ) عبدالفصیح (راولپنڈی) احمد صفی عبداللہ (فیصل آباد) علی زریاب (لاہور) حیدر علی (راولپنڈی) حسین طلعت (لاہور) کاشف علی (راولپنڈی) خرم شہزاد (فیصل آباد) محمد غازی غوری (کراچی) محمد رمیز جونیئر (لاہور) محمد وسیم جونیئر (فاٹا) روحیل نذیر (اسلام آباد) سعد خان (حیدرآباد) اور ثمین گل (فاٹا)۔

50 اوورز کے میچوں کے لیے اسکواڈ۔

محمد ہریرہ (کپتان) (سیالکوٹ) عبدالفصیح (راولپنڈی) عبدالصمد (فیصل آباد) حیدر علی (راولپنڈی) حسین طلعت (لاہور) معاذ صداقت (پشاور)، مہران ممتاز (راولپنڈی) محمد حارث (پشاور) محمد عمران جونیئر (سوات) محمد عمران (بہاولپور) محمد وسیم جونیئر (فاٹا) روحیل نذیر (اسلام آباد) شرون سراج (ملتان) سراج الدین (فاٹا) اور عبید شاہ (لاہور)

امپائر اور میچ ریفری کی تقرری:

11-14 نومبر۔ پہلا چار روزہ میچ۔ آصف یعقوب اور ذوالفقار جان (آن فیلڈ امپائرز)، عمران جاوید (تھرڈ امپائر)، اقبال شیخ (میچ ریفری)۔

18-21 نومبر۔ دوسرا چار روزہ میچ۔ راشد ریاض اور عمران جاوید (آن فیلڈ امپائرز)، ذوالفقار جان (تھرڈ امپائر)، اقبال شیخ (میچ ریفری)

25 نومبر۔ پہلا ون ڈے۔ راشد ریاض اور ذوالفقار جان (آن فیلڈ امپائرز)، عمران جاوید (تھرڈ امپائر)، بلال خلجی (میچ ریفری)

27 نومبر۔ دوسرا ون ڈے۔ راشد ریاض اور عمران جاوید (آن فیلڈ امپائرز)، ذوالفقار جان (تھرڈ امپائر)، بلال خلجی (میچ ریفری)

29 نومبر۔ تیسرا ون ڈے۔ راشد ریاض اور ذوالفقار جان (آن فیلڈ امپائرز)، عمران جاوید (تھرڈ امپائر)، بلال خلجی (میچ ریفری)

-END-

Media contact:

**Media, Communications and Digital Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4